© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ ڈیل پر یقین نہیں رکھتے، ملکی مفاد میں پری بارگیننگ کرتے ہیں (چیئرمین نیب)

پاکستان کا مطلب کیا...... جو کچھ لیجے بوجھے پا

مک مکا.................. مک مکا

☆ آپ کو اسلامائزیشن اور سیکولرزم کے جھگڑے میں نہیں پڑنا چاہیے۔ (سردار عبدالقیوم)

یہ معمولی باتیں ہیں!

☆ امریکہ کو سجدہ گاہ بنانے والوں کو جوتے اتار کر جانا چاہیے تھا۔ (حمید گل)

گستاخی ہوئی جناب!

☆ پاکستان کو سیکولر ریاست بنانے کیلئے مشرف سے مل کر کام کرتے رہیں گے۔ (پاول)

جناح اور اقبال کے خوابوں کی تعبیر؟

☆ پروگریسو اور لبرل لوگوں کی پاکستان میں اکثریت ہے، اب تو گاؤں جاؤں تو کئی خواتین ہاتھ ملاتی ہیں۔ (صدر)

رسول پاک ﷺ نے کبھی تو کسی خاتون سے ہاتھ نہیں ملایا تھا!

☆ بین الصوبائی کانفرنس کے نام پر بسنت منانے کیلئے پورے ملک سے بیوروکریٹس کی لاہور آمد (ایک خبر

یہی وہ ایک فیصد طبقہ ہے جس نے ملک کو تباہی کے دہانے لا کھڑا کیا ہے۔

☆ ایڈیشنل ایس ایچ او تھانہ نیو ملتان رشوت لیتے گرفتار (ایک خبر

بڑی عجیب بات ہے!

☆ امریکہ، ایران کو عراق اور افغانستان نہ سمجھے۔ (ایرانی وزیر دفاع)

کار مرداں کردہ ای!

☆ پاکستان جو کچھ مانگے گا، دیں گے۔ (وینڈی چیمبرلین)

ہوئے تم دوست جس کے ۔ دشمن اُس کا آسماں کیوں ہو

☆ محکمہ آب کاری کے اہل کار چوری شدہ شراب پیتے ہیں۔ (ایک خبر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

"یہ تو جرم ہے، خود خرید کر پینی چاہیے"۔

☆ امریکہ بدتر ملک ہے، آئندہ کبھی نہیں آؤں گا۔ (راشد قریشی)

سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا؟

☆ بسنت دس ہزار افراد کا عبوری روزگار (ٹی وی کمپیئر)

روزگار تو اُس بازار میں شیدے دلال کو بھی مل جاتا ہے۔

☆ امریکہ کو کسی دوسرے ملک کے خلاف کارروائی کی اجازت نہیں دیں گے۔ (اسلامی کانفرنس)

وہ شاخِ گل پہ زمزموں کی دُھن تراشتے رہے
نشیمنوں پہ بجلیوں کا کارواں گزر گیا

☆ منصور الحق سے پانچ ارب کی بجائے پچاس کروڑ لے کر رہائی (ایک خبر)

تو کیا نشان زدہ پانچ سو روپے کے نوٹ لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا جانے والا سرکاری اہل کار بھی اُن پانچ سو میں سے دو سو مجسٹریٹ کو واپس دے کر رہا ہو سکتا ہے؟

☆ حکومت نے اسلام کا روشن فلسفہ پیش کیا ہے۔ (سرکاری ترجمان)

مثلاً...... بسنت میلہ کے نام سے جدید کنجروں اور کنجریوں کی ہاؤ ہو کی حوصلہ افزائی!

☆ افغانستان میں امریکن فوجیوں نے چرس اور ہیروئین پینا شروع کر دی۔ (ایک خبر)

پی، رج کے پی...... تیرا ٹھنڈا ہووے جی

☆ مولانا اجمل قادری بائیں بازو کے سیاستدانوں کی سیاسی پارٹی بنائیں گے۔ پارٹی کا نام "پاکستان انقلابی تحریک" ہو گا، وہ خود اس کے امیر ہوں گے۔ بائیں بازو کی حامی دینی جماعتوں کو بھی اس میں شامل کیا جائے گا (ایک خبر)

ع..... لٹ گیا دین خانقاہوں میں

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن سپیئر پارٹس تھوک و پرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501


© rasailojaraid.com